© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


توحید ہے یا صدق یا حسن خلق ۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ یہاں قول خاص نہیں ہے۔ شرعاً جس عمل کو حسن کہا جاتا ہے وہ سب اس میں داخل ہیں۔

رب العالمین کا خطاب موسیٰؑ کے یہودیوں کو تھا یا یہ رسول اکرمؐ کے زمانہ کے یہودیوں کو ہے۔اللہ نے بنی اسرائیل کو یہ آٹھ حکم دیئے تھے مگر وہ اس پر قائم نہ رہے۔

---

## عمل ہی تیرا رہبر ہے مسافر

عبدالرحمٰن عاجزؔ مالیرکوٹلوی

یہ کس غم کا تجھ پہ اثر ہے مسافر تو ہر لحہ باچشمِ تر ہے مسافر
کہیں نفسِ سرکش کہیں مکر شیطاں ترا راستہ پُر خطر ہے مسافر
وہ کب راہ کی مشکلیں دیکھتے ہیں کہ منزل پہ جن کی نظر ہے مسافر
نہیں کوئی ساتھی رہِ آخرت میں عمل ہی ترا راہبر ہے مسافر
پڑا ہے تہہ خاک مجبور و بے بس کہاں وہ ترا کروفر ہے مسافر
خدا کے سوا کون مشکل کشا ہے تو کیوں پھر رہا دربدر ہے مسافر

محبت کریں کس سے دنیا میں عاجزؔ
کہ دنیا میں ہر اک بشر ہے مسافر

☆ محدث ایک علمی، اصلاحی اور تحقیقی مجلہ ہے جو جدید مسائل میں آپ کی صحیح راہنمائی کرتا ہے اس کی توسیع و اشاعت میں حصہ لینا جہاں آپ کا دینی اور اخلاقی فریضہ ہے وہاں صحیح دینی فکر کی اشاعت کا باعث بھی ہے۔

☆ پانچ سالانہ خریدار مہیا کرنے پر ایک سال کے لئے "محدث" اعزازی جاری کیا جائے گا۔

☆ طلباء کے لئے رعایتی زر سالانہ =/۷۰ روپے ہے

☆ خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں ورنہ تعمیل ممکن نہ ہوگی۔ شکریہ!

مینجر مجلہ "محدث"

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ